NETFLIX

# قابلیت اور عملہ کی رازداری کا نوٹس

## تعارف

آپ کی رازداری اور آپ کے ذاتی ڈیٹا کا تحفظ Netflix کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔ ہم آپ کو یہ سمجھانا چاہتے ہیں کہ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کس طرح اور کیوں کرتے ہیں۔ (ذاتی ڈیٹا کو بعض اوقات "ذاتی معلومات" بھی کہا جاتا ہے)۔ ہم آپ کو اس بات کو سمجھانے میں مدد کیلئے کہ Netflix آپ کے ہم سے رشتہ جوڑنے کے دوران اور بعد کس طرح آپ کا ذاتی ڈیٹا جمع اور استعمال کرتا ہے اس رازداری کے نوٹس کا نظم کیا ہے۔

آپ کے ذاتی ڈیٹا پر ہماری عمل کاری ہمیشہ قابل اطلاق ڈیٹا کے تحفظ کے قانون کے مطابق ہوگی۔

یہ رازداری کا نوٹس ہر ایک قابلیت اور عملہ پر لاگو ہوگا۔ ہم آپ کو اس کے ساتھ واقفیت رکھنے کی تجویز کرتے ہیں اور اگر آپ کو کوئی سوال ہو تو netflixdpo@netflix.com کے ذریعے ہم سے رابطہ کریں۔

اس نوٹس کا اطلاق تمام قابلیت اور عملہ پر، ہم سے تعلق کے دوران اور بعد میں دونوں ہی صورت میں ہوتا ہے۔ اس نوٹس کے خدمات کی فراہمی کے معاہدے کا کوئی بھی حصہ شامل نہیں ہے۔ ہم کسی بھی وقت اس نوٹس کو اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں اور آپ کو کسی بھی مواد کی تبدیلی کی اطلاع دیں گے۔

آپ کیلئے اس نوٹس کو پڑھنا بہت اہم ہے، رازداری کے ان دیگر دستاویزات کے ساتھ جو ہم ان خاص موقعوں پر فراہم کرتے ہیں جب آپ کے متعلق ذاتی ڈیٹا جمع اور اس پر عمل کاری کرتے ہیں، تاکہ آپ کو یہ معلوم ہو کہ ہم یہ معلومات کیسے اور کیوں استعمال کر رہے ہیں۔

## ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کس طرح کریں گے

Netflix آپ کے ذاتی ڈیٹا کا استعمال صرف اسی وقت کرے گا جب ایسا کرنا ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین کے مطابق جائز ہو۔بنیادی طور پر، ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا پر اس پروڈکشن کے ،تقسیم اور سوداگری کے سلسلے میں عمل کاری کریں گے جن میں آپ شامل ہوں۔

یہاں مقاصد کا ذکر ہے جن کیلئے ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کرتے ہیں:

- **عملے کا نظم اور تنظیم:**بشمول عام طور پر کام کی سرگرمیوں اور عملہ کا نظم کرنا؛ بشمول تشخیص، پروجیکٹ کا نظم، کاروبار کے سفر کے انتظامات؛ آڈٹ ٹریلز اور دیگر رپورٹنگ آلات کی تالیف؛ کاروباری سرگرمیوں سے متعلق ریکارڈ برقرار رکھنا؛ بجٹ بنانا، مالیاتی نظم اور رپورٹنگ؛ مواصلات؛ اور نگرانی کی سرگرمیاں (بشمول ٹیلی فون، ای میل، انٹرنیٹ اور دیگر Netflix کے وسائل کی نگرانی)؛ اور داخلی تفتیش کا انعقاد کرنا۔
- فہرست تنخواہ **اور فوائد کا انتظام**بشمول تنخواہ کی انتظامیہ؛ تنخواہ دینا اور تنخواہ کے جائزے، اجرت اور دیگر انعامات کا نظم کرنا جیسے اسٹاک کے اختیارات، اسٹاک کا عطیہ اور بونس، صحت کی دیکھ بھال، پینشن اور بچت کے منصوبے؛ اور دیگر معاہدی فوائد اور قرض کی ضروریات پوری کرنا۔
- **منصوبہ بندی اور کام کا تعین:**بشمول کارکنوں کا تجزیہ اور منصوبہ بندی کرنا؛ اور Netflix کے اثاثوں اور انسانی وسائل کا تعین کرنا۔
- **انسانی وسائل کا نظم:**بشمول تربیت کا نظم اور انتظام کرنا، تعطیل، ترقّی، تبادلہ؛ اور تربیت، نظم و ضبط کے معاملات، اور معطلی کا نظم کرنا؛ آئی ٹی اور مواصلات کے سسٹم کو چلانا اور اس کا نظم کرنا؛ اوراستعمال ، حصول دستیابی اور تنظیم نو یا انصرام کا نظم کرنا۔
- **مواصلات (بشمول ہنگامی صورت میں):**بشمول قابلیت اور عملہ کے ساتھ مواصلت کی سہولت فراہم کرنا؛ حوالے فراہم کرنا؛ کاروباری تسلسل کو یقینی بنانا؛ قابلیت اور علمہ اور دیگر کی صحت کی دیکھ بھال اور تفحظ کرنا؛ آئی ٹی اساس، دفتر کے سازوسامان اور دیگر ملکیت کی حفاظت کرنا؛ اور ہنگامی حالت میں مواصلت کی سہولت فراہم کرنا۔
- **تعمیل:**بشمول قابل اطلاق قانونی اور دیگر تقاضوں کی تعمیل کرنا، جیسے آمدنی کا ٹیکس اور نیشنل انشورینس کی کٹوتی؛ ریکارڈ رکھنا اور فرائض کی رپورٹ کرنا؛ آڈٹس کا انعقاد کرنا؛ قانونی نفاذ کی تعمیل اور قابل اطلاق قانون

اگست 2018

کے مطابق ہم معنی درخواستیں؛ قانونی حقوق اور امداد کا مطالبہ کرنا؛ مقدمہ سازی میں دفاع کرنا اور کسی بھی اندرونی شکایات یا دعووں کا نظم کرنا؛ اور داخلی پالیسیوں اور طریقہ کار کی تعمیل کرنا۔

ہم "مخصوص" یا "حساس" ذاتی معلومات بھی جمع اور استعمال کر سکتے ہیں، یعنی کہ آپ کی ٹریڈ یونین کی رکنیت، صحت، جرم کے لیے سزایابی اور سرگزشت، قومیت، مذہب، جنسی رجحان، یا سیاسی رغبت۔جہاں ایسے ڈیٹا کی ضرورت ہوگی ہم اس پر صرف درج ذیل طریقے سے عمل کاری کریں گے:

- جہاں ہمیں آپ کی واضح طور پر منظوری ہو؛
- جہاں ہمیں ملازمت، سماجی تحفظ یا معاشرتی تحفظ کے قانون یا مجموعی معاہدہ کے معاملات میں اپنے فرائض انجام دینے اور اپنے حقوق کا استعمال کرنے کے لیے یہ ضروری ہو؛
- جہاں آپ کے کام کرنے کی صلاحیت کے تعین کیلئے ضروری ہو؛
- جہاں واقعی عوامی مفاد کی وجہ سے ضروری ہو؛
- جہاں کسی مخصوص قانونی فرائض کے تحت درکار ہو؛ یا
- جہاں آپ نے ہمیں یہ معلومات صریحاً فراہم کی ہو۔

## آپ کے ذاتی ڈیٹا کا انکشاف

ہم اپنی جانب سے آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کیلئے ہمارے وابستگان، گروپ کمپنیاں اور کچھ فریقین ثالث کو آپ کا ذاتی ڈیٹا فراہم کر سکتے ہیں۔ ہر معاملے میں، ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ یہ تمام فریقین آپ کی ذاتی معلومات پر اس رازداری کے نوٹس کے مطابق عمل کریں۔

ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کا انکشاف مندرجہ ذیل حالات میں بھی کر سکتے ہیں:

- جہاں ہمیں لگے کہ ایسا کرنا ہماری، ہمارے پروڈکشن، ہمارے دیگر قابلیت اور عملہ، یا عوام کے حقوق، ملکیت، ان کے تحفظ، یا حفاظت کیلئے ضروری ہو؛
- ہمارے آپ کے ساتھ قائم کسی معاہدہ یا پالیسیوں کے نفاذ کیلئے؛
- کسی بھی فریق ثالث کے دعووں یا الزامات کے مخالف اپنی یا دیگر کی تفتیش اور دفاع کیلئے؛ اور
- کاروباری لین دین کے تعلق سے، جیسے کوئی انضمام، کنٹرول میں تبدیلی یا اثاثوں کی فروخت میں۔

معلومات کے اشتراک کی کسی بھی صورت میں جب بھی ہم ذاتی ڈیٹا کا اشتراک ڈیٹا تحفظ کے جامع قوانین کے ساتھ یورپی اقتصادی علاقوں اور دیگر علاقوں کے باہری ممالک میں کریں گے، ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ معلومات کی منتقلی ڈیٹا کے تحفظ کے قابل اطلاق قوانین کے ذریعے منظور شدہ اس رازداری کی نوٹس کے مطابق ہو۔

## ڈیٹا کی برقراری

Netflix آپ کے ذاتی ڈیٹا کو اس وقت تک ہی برقرار رکھے گا جب تک کہ اس کے جمع کیے جانے کے مقصد کے تحت ضروری ہو، بشمول کسی قانونی، اکاؤنٹنگ، یا رپورٹ کرنے کے ضرورت کے مقصد کے تحت۔ذاتی ڈیٹا کی برقراری کی مناسب مدت کا تعین کرنے کیلئے، ہم ذاتی ڈیٹا کی مقدار، نوع، حساسیت، آپ کے ذاتی ڈیٹا کے غیر مجاز استعمال یا انکشاف سے ہونے والے ممکنہ نقصان کے خطرات، وہ مقاصد جن کے تحت ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کرتے ہیں اور آیا ہم دوسرے طریقے سے ان مقاصد کو پورا کر سکتے ہیں، اور قابل اطلاق قانونی تقاضوں پر غور و فکر کرتے ہیں۔

براہ کرم دھیان دیں، ہم اپنے ریکارڈز کیلئے پروڈکشن میں شامل ان تمام کے ریکارڈ کو ہمیشہ برقرار رکھیں گے۔

## ہمیں تبدیلی کی اطلاع دینے کی ذمہ داری آپ کی ہے

Netflix کیلئے اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ آپ کا جو ذاتی ڈیٹا اس کے پاس موجود ہے وہ درست اور تاحال تازہ ہے۔لہذا ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ ہم سے دوران تعلق اگر آپ کے ذاتی ڈیٹا میں کوئی تبدیلی آتی ہے تو ہمیں جلد از جلد اطلاع کریں۔

اگست 2018

NETFLIX

**آپ کی معلومات اور حقوق**

آپ اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی کی درخواست کر سکتے ہیں، یا ہمارے پاس موجود پرانے یا غلط ذاتی ڈیٹا کو درست اور اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔ گزارش کرنے کیلئے، یا اگر آپ کے پاس ہمارے رازداری کے عمل کے متعلق کوئی سوالات ہوں تو، براہ کرم ہمارے ڈیٹا کے تحفظ کے افسر/رازداری کے دفتر سے رابطہ کریں۔ ہمارے ڈیٹا کے تحفظ کے افسر/رازداری کے دفتر سے رابطہ کرتے وقت، براہ کرم یہ ضرور بتائیں کہ آپ کون سے پروڈکشن(ز) سے وابستہ ہیں: netflixdpo@netflix.comہم قابل اطلاق ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین کے مطابق اپنے ڈیٹا کے تحفظ کے حقوق کا استعمال کرنے کے خواہش مند افراد کی جانب سے موصول شدہ تمام گزارشوں کا جواب دیتے ہیں۔ ہم غیر معقول یا قانونی طور پر غیر ضروری درخواستوں کو رد کر سکتے ہیں، بشمول وہ جو انتہائی غیر عملی ہوں، جن میں غیر موزوں تکنیکی محنت درکار ہو، یا جن عمل پر عمل کرنے میں ہمارے لیے خطرہ ہو۔

براہ کرم جان لیں کہ درج بالا حقوق مطلق نہیں ہیں اور کئی حالات ایسے ہو سکتے ہیں جہاں ہم آپ کی درخواست کی (مکمل یا جزوی طور پر) تعمیل کرنے سے قاصر رہیں۔ ایسے معاملات میں ہم اس بات کا خلاصہ کریں گے کہ ہم اس درخواست کی تعمیل کیوں نہیں کر سکتے ہیں۔

ہمیں آپ کی شناخت کی تصدیق کرنے اور معلومات تک آپ کی رسائی (یا آپ کے کسی بھی دیگر حقوق کے استعمال) کے حق کو یقینی بنانے میں مدد کیلئے آپ سے کچھ خاص معلومات کی گزارش کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ یہ تحفظ کا ایک اور مناسب قدم ہے جو اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ ذاتی ڈیٹا کسی بھی شخص کو فراہم نہیں کیا گیا جو اسے موصول کرنے کا حق نہیں رکھتا ہے۔

**رضامندی سے دست برداری کا حق**

کچھ مخصوص حالات میں جہاں آپ نے کسی خاص مقصد کیلئے اپنے ذاتی ڈیٹا کو جمع کرنے، اس پر عمل کاری اور منتقل کرنے کی منظوری دی ہو، آپ کو کسی بھی وقت اس مخصوص عمل کاری کیلئے اپنی منظوری کو واپس لینے کا حق ہے۔اپنی رضامندی سے دست برداری کیلئے، براہ کرم ہمارے ڈیٹا کے تحفظ کے افسر/رازداری کے دفتر سے netflixdpo@netflix.com پر رابطہ کریں۔ ہمیں آپ کی منظوری واپس لینے کی اطلاع ملتے ہی، ہم آپ کے اس مقصد یا مقاصد کیلئے آپ کی معلومات پر مزید عمل کاری نہیں کریں گے جن کیلئے آپ پہلے راضی تھے، جب تک کہ ایسا کرنا ہمارے لیے قانونی طور پر ضروری نہ ہو، جس کی اطلاع ہم آپ کو جواب دیتے وقت کریں گے۔ براہ کرم توجہ دیں، البتہ، کہ کئی معاملات میں ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کیلئے آپ کی رضامندی پر انحصار نہیں کرتے ہیں۔

**ہم سے رابطہ کریں**

اگر آپ کے پاس اپنے ذاتی ڈیٹا یا Netflix کے ذریعے اس پر عمل کاری کے طریقے کے متعلق کوئی بھی سوالات ہوں تو براہ کرم درج ذیل ای میل پتے پر ہمارے ڈیٹا کے تحفظ کے افسر/رازداری کے دفتر سے رابطہ کریںہم سے رابطہ کرتے وقت، براہ کرم یہ ضرور بتائیں کہ آپ کون سے پروڈکشن(ز) سے وابستہ ہیں:

Netflix ڈیٹا کے تحفظ کے افسر: netflixdpo@netflix.com

اگست 2018